# حکیم کالے خان

# Hakim Kale Khan (Script)

**Duration: 02min 49 sec.**

میرا نام عبدالنعیم ہے اور عبدالجمیل صاحب میرے ''Father'' رہے ہیں اور میرے دادا عبدالکریم صاحب تھے اور یہ سینتالیس سے بھی پہلے سے کام چلا آرہا ہے پہلے دادا کرتے تھے اسکے بعد میرے والد صاحب نے اسے انجام دیا اب لوگوں کی خدمت میں حاضر ہیں۔

یہ اصل میں یونانی ''medicine'' سے ہے سارا جڑی بوٹی۔ یہ ہمارے خاندان میں ایسے آیا کہ ہمارے دادا اور ان کے بھائی وغیرہ سب ریلوے میں تھے انگریز کے ٹائم میں اور وہاں جو ہے اکھاڑے ہوا کرتے تھے اسپورٹس کے طور پر تو وہاں جو '' injuries'' ہوتی تھی تو یہ سنبھالتے تھے تو انگریزوں نے جو ہے یہ چالو کرا کہ آپ جو ہیں یہاں آئیں حاضری لگائیں اور اپنی ''duty'' سمجھکر کے اس کام کو کریں اور سارے انتظام ہم کریں گے تو تنخواہ وہاں سے ملتی تھی دوائی کا خرچ جو بھی کچھ ہوتا تھا اس time میں مل جاتا تھا وہاں سے اور ''free'' ہوتا تھا ہمارے یہاں کوئی پیسہ نہیں لیتے تھے اس کا اس کے بعد جو ہے سینتالیس ہو گیا بعد میں جو ہے پھر ''change" آیا وہ اپنے ساتھ امریکہ لے جانا چاہتے تھے، انگلینڈ لے جانا چاہتے تھے ہمارے دادا راضی نہیں ہوئے جانے پر ''agree" نہیں ہوئے یہیں پر لوگوں کی خدمت کرنا چاہتے تھے وہ تو انھوں نے جو ہے اس کو برقرار رکھتے ہوئے یہی مناسب سمجھا کہ مناسب جو بھی ہے وہ لے کر کے لوگوں کی خدمت کر سکیں۔

میرا نام فاخر احمد ہے اور میں مسجد دادا پیر میں نماز پڑھنے گیا تھا تو وہاں سے جو میں جو اوپر آیا ایک دم میرا پیر پھسل گیا اور میں گر گیا اور میری ہڈی میں جو بھی ہو چوٹ لگی تو میں بہت پریشان تھا ڈر کے مارے میں اسپتال نہیں گیا کہ بھئی وہاں تو پتہ نہیں کیا تو میں اس بچے کنے آگیا اب جو میں یہاں آیا ان نے جب میرے پٹی باندھی اللہ نے میرے کو بہت آرام پہونچایا ہے۔

ہمارے والد صاحب میں بھی یہی جذبہ رہا خدمت کریں لوگوں کی وہی اللہ تعالی نے ہمیں جذبہ دیا ہے کہ کسی طرح لوگ فیضیاب ہوں اور فائدہ اٹھائیں اس چیز کا۔